Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Education) Course Work I Semester Examination, Feb-March 2022

پرچہ : تحقیقی طریقہ کار اور شماریات

PHED101CCT- Research Methodology and Statistics

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. تعلیمی تحقیق کی تعریف اور اہم خصوصیات بیان کیجئے۔
2. مفروضہ کی تعریف و اقسام بیان کیجئے۔
3. مابعد التجزیہ (Meta-Analysis) کیا ہے؟ اس کی کوئی دو خوبیاں و خامیاں تحریر کیجئے۔
4. ٹی ٹیسٹ کا کیا مطلب ہے؟ اس کے طلاق کی شرائط کی فہرست سازی کیجئے۔
5. کوئی پانچ مختلف ذرائع کے حوالے APA طرز میں تحریر کیجئے جو آپنے خود کے مجوزہ تحقیق (Research Proposal) میں استعمال کئے ہوں۔
6. تحقیقی اخلاقیات (Research Ethics) سے کیا مراد ہے؟ سرقہ (Plagiarism) کی روک تھام کی تجاویز پیش کیجئے۔
7. متعلقہ مواد کے جائزے کے مختلف ذرائع کون کون سے ہیں؟ کسی ذریعہ سے حاصل شدہ متعلقہ سابقہ تحقیق میں سے آپ کون سی معلومات نوٹ کریں گے؟
8. ارتباطی تحقیق (Correlational Research) کسے کہتے ہیں؟ اس کی خصوصیات تحریر کیجئے۔
9. توضیحی (Descriptive) اور استنباطی (Inferential) شماریات میں فرق واضح کیجئے۔
10. تحقیق اور پروجیکٹ کی تجویز (Proposal) کا موازنہ کیجئے۔

حصہ دوم

11. تعلیمی تحقیق میں موجودہ رجحانات پر تبصرہ کیجئے اور کوئی چار جدید تحقیقات کا حوالہ پیش کرتے ہوئے مدلل جواب تحریر کیجئے۔
12. نمونہ بندی سے کیا مراد ہے؟ اس کی مختلف اقسام مع مثال واضح کیجئے۔
13. کیفیتی (Qualitative) اور کمیتی (Quantitative) تحقیق کا موازنہ کرتے ہوئے نیم تجرباتی تحقیق (Quasi-Experimental Research) کی وضاحت کیجئے۔
14. کائی مربع جانچ (X^2-test) کیا ہے؟ اس کے اقسام اور اطلاق واضح کیجئے۔
15. درج ذیل معطیات سے یہ بتائیے کہ دو گروہوں کے درمیان 0.05 سطح پر بامعنی فرق ہے یا نہیں؟

S.D	N	Mean	
6.2	145	32	Group 1
7.4	82	36	Group 2

☆☆☆